مذہبی مباحث اور مسلکی ذوق رکھنے والوں کے لیے یہ کتاب خاصے کی چیز ہے۔ مواد' معلومات' کمپوزنگ' کاغذ اور جلد بندی کے اعتبار سے بھی یہ کتاب بڑی خوبصورت ہے۔

☆☆☆☆☆

نام کتاب	....	تکمیل آرزو (سفر نامہ حج وعمرہ)
مصنف	....	ڈاکٹر کیپٹن غلام سرور شیخ
صفحات	....	152
قیمت	....	130 روپے
ناشر	....	تاج پبلشر 17 سی گلفشاں کالونی جھنگ روڈ فیصل آباد
سٹاکسٹ	....	مکتبہ ناصریہ پربس مارکیٹ امین پور بازار

حج اسلام کے ارکان خمسہ میں سے ایک ہے۔ اس کی ادائیگی کے لیے ہر مسلمان اپنے دل میں تڑپ رکھتا ہے لیکن سعادت قسمت والوں کو ہی نصیب ہوتی ہے' خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو حج بیت اللہ کی سعادت سے بہرہ مند ہوتے ہیں۔ حدیث نبوی ﷺ ہے کہ حج بیت اللہ کے بعد حاجی گناہوں سے ایسے پاک ہو جاتا ہے جیسے آج ہی اس کی ماں نے اسے جنا ہو۔ ہمارے بزرگ دوست محترم ڈاکٹر غلام سرور شیخ (ایم بی بی ایس) کا شمار بھی ان خوش بختوں میں ہوتا ہے جنہیں مارچ 2001ء میں حج بیت اللہ کی سعادت نصیب ہوئی اور دیار حبیب ﷺ میں حاضری کا موقع ملا۔ محترم ڈاکٹر صاحب جہاں اچھے معالج ہیں' وہیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان کو لکھنے پڑھنے کے ذوق سے بھی بہرہ مند فرمایا ہے۔ اصلاح امت اور معاشرے کی تطہیر کے لیے اب تک ڈاکٹر صاحب کے پر بہار قلم سے ذکر ماں' باپ اور رہنمائے زوجین جیسی کتب معرض وجود میں آ کر قارئین سے داد وتحسین وصول کر چکی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب ''تکمیل آرزو'' ان کے سفر نامہ حج کی دلآویز اور روح پرور روئداد ہے جسے انہوں نے (دیار حرم اور دیار حبیب میں بیتے ایام اور مشاہدات کو) خوبصورت پیرائے میں احاطہ تسوید میں لانے کی کوشش کی ہے۔ یہ ایک سچے اور پکے مسلمان کا سفر نامہ حج ہے جسے اس نے بغیر کسی ملمع سازی کے نہایت خلوص ولہیت سے سادہ اور سلیس انداز میں رقم کیا ہے۔ کتاب کا ہر لفظ اخلاص کی مہک سے معطر اور ایمان کی حرارت سے عبارت ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے سفر نامہ کے چھوٹے چھوٹے ذیلی عنوانات بھی قائم کیے ہیں جس سے قاری کو اپنی من پسند کا عنوان تلاش کرنے میں آسانی ملتی ہے۔ بہر حال کتاب کا یہ نقش ثانی ہے جس کو نئی کمپوزنگ اور عمدہ کاغذ پر طبع کرایا گیا ہے۔ اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے عمدہ چیز ہے۔ اور آخر میں حج وعمرہ کی مسنون دعائیں بھی درج کر دی ہیں۔